**نوٹ:** ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات C ،B ،A اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

15

سوال نمبر 1:

1- مرزا صاحب پنشن کا بڑا حصہ صرف کر دیتے تھے:
(A) جائیداد خریدنے پر (B) خیرات کرنے میں (C) کتابوں پر (D) کھانے پینے پر

2- پرستان میں پھل دار پودے بڑے تھے:
(A) بالشت بھر (B) چھ فٹ (C) ایک ایک فٹ (D) گز بھر

3- 1857ء کی جنگ آزادی کے بعد توجہ تیز ہوگئی:
(A) غزلوں کی طرف (B) نظموں کی طرف (C) مرثیے کی طرف (D) شہر آشوب کی طرف

4- سبق "طمع" اصناف ادب کے لحاظ سے کیا ہے؟
(A) داستان (B) افسانہ (C) مضمون (D) ناول

5- چغل خور نے کیا بتایا کہ کوڑھی کا جسم ہو جاتا ہے؟
(A) نمکین (B) میٹھا (C) کھٹا (D) کڑوا

6- سبق "نام دیو مالی" میں گدلا پانی پودوں کے لیے تھا:
(A) ضرر رساں (B) بے سود (C) مفید (D) آب حیات

7- حکومت نے علی بخش کو کتنی زمین الاٹ کی؟
(A) آدھا مربع (B) ایک مربع (C) دو مربعے (D) تین مربعے

8- رَن کی زمین سُرخ تھی اور آسماں تھا:
(A) سبز (B) نیلا (C) زرد (D) سُرخ

9- "جیوے جیوے پاکستان" کا تخلیق کار ہے:
(A) جمیل الدین عالؔی (B) جوش ملیح آبادیؔ (C) حفیظ جالندھری (D) احسان دانش

10- شاعر "مرزا محمود سرحدی" نے کس سڑک کا مضحکہ اڑایا ہے؟
(A) مال روڈ (B) مال گودام روڈ (C) طارق روڈ (D) بندر روڈ

11- درست تلفظ ہے:
(A) حِسَابْ (B) حُسَابْ (C) حَسَابْ (D) حُسّابْ

12- "قائد ملت" گرامر کی رو سے کیا ہے؟
(A) خطاب (B) لقب (C) تخلص (D) کنیت

13- درست تلفظ ہے:
(A) اِسَلاَمْ (B) اِسْلاَمْ (C) اَسْلاَم (D) اَسَلاَمْ

14- "چھری" گرامر کی رو سے کیا ہے؟
(A) اسم مکبر (B) اسم صوت (C) اسم آلہ (D) اسم ظرف مکاں

15- "ٹن ٹن" گرامر کی رو سے کیا ہے؟
(A) اسم آلہ (B) اسم صوت (C) اسم ظرف (D) ظرف زماں

eduvision.edu.pk

# سرگودھا بورڈ 2018ء (پہلا گروپ)

رول نمبر (ہندسوں میں) ________ رول نمبر (لفظوں میں) ________ دستخط نائب ناظم امتحان: ________

وقت: 2:10 گھنٹے

## انشائی طرز (حصہ اول)

کل نمبر: 60

**سوال نمبر 2: درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے):** 10

**﴿حصہ نظم﴾**

(i) وہی خالق ہے دل کا اور دل کے نیک ارادوں کا ✦ وہی مالک ہمارا اور ہمارے باپ دادوں کا

(ii) ہے کوئی، ہنگامہ تیری تربت خاموش میں ✦ پل رہی ہے ایک قوم تازہ اس آغوش میں

(iii) لہر کھاتا ہے رگِ خاشاک میں جس کا لہو ✦ جس کے دل کی آنچ بن جاتی ہے سیلِ رنگ و بو

(iv) سوچتا رہتا ہوں کب میرے وظیفے کی طرح ✦ اس کی بد حالی کا آتا ہے حکومت کو خیال

**﴿حصہ غزل﴾**

(v) جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے ✦ یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

(vi) بات یہ ہے کہ سکونِ دلِ وحشی کا مقام ✦ کنجِ زنداں بھی نہیں وسعتِ صحرا بھی نہیں

(vii) مل کے بھی جو کبھی نہیں ملتا ✦ ٹوٹ کر دل، اُسی سے ملتا ہے

## (حصہ دوم)

**سوال نمبر 3: درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:** 5، 5

(ا) دراصل خود مرزا صاحب شہرت سے گھبراتے تھے اور پبلک پلیٹ فارم پر آنا پسند نہیں کرتے تھے۔ کام کرتے تھے ستائش کی تمنا اور صلے کی پروا سے بے نیاز ہوکر۔ کام کرتے تھے اپنی تسکین کے لیے۔ کام کرتے تھے اس لیے کہ انھیں کام کرنا ہوتا تھا۔ فرمائشی کام انھوں نے ساری عمر نہیں کیے۔ انھوں نے اب سے 55 سال پہلے سر عبدالقادر کے رسالے مخزن میں مضمون لکھے مگر شیخ صاحب کی فرمائش پر نہیں۔

(ب) ایک دن نہ معلوم کیا بات ہوئی کہ شہد کی مکھیوں کی یورش ہوئی۔ سب مالی بھاگ بھاگ کر چھپ گئے۔ نام دیو کو خبر بھی نہ ہوئی کہ کیا ہو رہا ہے۔ وہ اپنے کام میں لگا رہا۔ اُسے کیا معلوم تھا کہ قضا اس کے سر پر کھیل رہی ہے۔ مکھیوں کا غضب ناک جھلڑ اُس غریب پر ٹوٹ پڑا۔ اتنا کاٹا اتنا کاٹا کہ بے دم ہوگیا۔ آخر اسی میں جان دے دی۔

**سوال نمبر 4: درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے:** 10

(i) مسلمانوں کی قومیت کی بنیاد کیا ہے؟

(ii) میر صاحب اور ان کی بیوی سیدانی بی کس بات پر زیادہ خوش تھے؟

(iii) چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لب لباب کیا تھا؟

(iv) نام دیو کی موت کا سبب کیا تھا؟

(v) حمد میں خالق کی کن مخلوقات کا ذکر کیا گیا ہے؟

(vi) میر انیس کے مطابق دریائے فرات کے پانی پر دھوپ کا کیا اثر ہوا؟

(vii) فراق گورکھپوری نے اپنی غزل میں سرا اور دل میں کس چیز کی کمی کا ذکر کیا ہے؟

(viii) دہشت گردی سے معاشرتی زندگی کس طرح متاثر ہوتی ہے؟

**سوال نمبر 5: کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔** (i) نظریہ پاکستان (ii) نام دیو مالی 5

**سوال نمبر 6: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** (i) یوم آزادی (ii) ماں باپ کے ساتھ سلوک (iii) چڑیا گھر کی سیر 15

**سوال نمبر 7: درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔** 10

ملکہ کی اس دلدوز اور ولولہ انگیز تقریر سے سب امیروں، وزیروں کی رگ حمیت بیدار ہوگئی اور سب نے تہیہ کرلیا کہ وطن کی حفاظت میں اپنے خون کا ایک ایک قطرہ نثار کردیں گے۔ شاہی فوج کی آمد کی خبر برابر احمد نگر پہنچ رہی تھیں۔ چاند بی بی نے فوج کی ترتیب و تنظیم کا سارا اہتمام اپنے ہاتھ میں لیا۔ اور سارا انتظام مکمل کر کے دشمن کی آمد کا انتظار کرنے لگی۔ بالآخر شاہی فوج آئی، احمد نگر پر حملہ کیا لیکن احمد نگر والوں نے شاہی فوج کا مقابلہ اتنی ہمت اور دلیری سے کیا کہ اُس کے دانت کھٹے ہو گئے۔

سوالات: (i) ملکہ کی تقریر نے کیا اثر پیدا کیا؟ (ii) چاند بی بی نے احمد نگر کو بچانے کے لیے کیا تدابیر اختیار کیں؟ (iii) شاہی فوج کے حملے کا کیا انجام ہوا؟ (iv) فتح کس فوج کو حاصل ہوئی؟ (v) اس عبارت کا عنوان لکھیے۔

eduvision.edu.pk

**نوٹ:** ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

15

سوال نمبر 1:

1- ............وہ اسم ہے جو نہ خود کسی اسم سے بنا ہو اور نہ اس سے کوئی دوسرا اسم بنے۔
(A) اسم مشتق (B) اسم جامد (C) اسم مصدر (D) ان میں سے کوئی نہیں

2- صفت اصلی کے درجے ہیں:
(A) چار (B) تین (C) دو (D) ایک

3- مرزا صاحب پنشن کا بڑا حصہ صرف کر دیتے تھے:
(A) جائیداد خریدنے پر (B) خیرات کرنے پر
(C) کتابوں پر (D) کھانے پینے پر

4- مسلم لیگ کس نے قائم کی؟
(A) سرسید احمد خاں (B) نواب محسن الملک (C) قائداعظمؒ (D) نواب وقارالملک

5- سیدانی بی کو کھانے میں مرغوب تھا:
(A) زردہ (B) بونٹ پلاؤ (C) فیرنی (D) بریانی

6- چغل خور نے کیا بتایا کہ کوڑھی کا جسم ہو جاتا ہے؟
(A) نمکین (B) میٹھا (C) کھٹا (D) کڑوا

7- ڈاکٹر صاحب بڑے................آدمی تھے۔
(A) عالم (B) درویش (C) سیاسی (D) دانشور

8- مرزا غالب کو تفتہ کا خط کہاں سے آتا تھا؟
(A) کلکتہ (B) سکندر آباد (C) کول (D) آگرہ

9- مصنف کا دوست زیادہ بے تکلف اور شور مچانے والا ہے: (A) احمد مرزا (B) قرض خواہ دوست (C) شاکر صاحب (D) محمد تحسین

10- کائنات کا وجود اللہ تعالیٰ کے:
(A) احکامات کا نتیجہ ہے (B) چاہنے کا نتیجہ ہے
(C) حرفِ کن کا نتیجہ ہے (D) ان سب کی وجہ سے

11- شاعر نے کس سڑک کا مضحکہ اڑایا ہے؟
(A) مال گودام روڈ (B) مال روڈ (C) بندر روڈ (D) طارق روڈ

12- دل ٹوٹ کر کس سے ملتا ہے؟
(A) کج ادا سے (B) دلربا سے (C) خوش ادا سے (D) مل کے بھی جو نہیں ملتا

13- درست تلفظ والے لفظ کی نشاندہی کیجیے:
(A) مِسَافِرْ (B) مُسَافِرْ (C) مُسَافَرْ (D) مَسَافِرُ

14- درست تلفظ والے لفظ کی نشاندہی درکار ہے:
(A) آفضَلْ (B) اِفْضَلْ (C) آفْضَلْ (D) اُفْضَلْ

15- ماضی استمراری:
(A) وہ دوڑا (B) وہ دوڑتا تھا (C) وہ دوڑتا (D) ان میں سے کوئی نہیں

# سرگودھا بورڈ 2018ء (دوسرا گروپ)

رول نمبر (ہندسوں میں) ________ رول نمبر (لفظوں میں) ________ دستخط نائب ناظم امتحان: ________

وقت: 2:10 گھنٹے

## انشائی طرز (حصہ اول)

کل نمبر: 60

سوال نمبر2: درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے): 10

**﴿حصہ نظم﴾**

(i) نظام آسمانی ہے اُسی کی حکمرانی سے
بہار جاودانی ہے اُسی کی باغبانی سے

(ii) جن کی تابانی میں انداز کہن بھی ، نو بھی ہے
اور تیرے کوکب تقدیر کا پر تو بھی ہے

(iii) سرنگوں رہتی ہیں جس سے قوتیں تخریب کی
جس کے بوتے پر لچکتی ہے کمر تہذیب کی

(iv) سب محنت کش گلے ملے اور اُبھرا اک پیغام
اس پیغام کو سمجھو یہ ہے قدرت کا انعام

**﴿حصہ غزل﴾**

(v) مصیبت بھی راحت فزا ہو گئی ہے
تری آرزو رہنما ہو گئی ہے

(vi) آج کیا بات ہے کہ پھولوں کا
رنگ، تیری ہنسی سے ملتا ہے

(vii) یہ فخر تو حاصل ہے، برے ہیں کہ بھلے ہیں
دو چار قدم ہم بھی ترے ساتھ چلے ہیں

## (حصہ دوم)

سوال نمبر3: درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5 ، 5

(ا) ایسا معلوم ہوا کہ جیسے کوئی پالکی کے پاس بول رہا ہے۔ منہ نکال کر جو دیکھا تو کیا دیکھا ہوں ایک بے جا کی شکل کا آدمی تھا۔ بکرے کا سا منہ، گھوڑے کی سی ٹانگیں اور پالکی آپ ہی آپ چلی جاتی تھی۔ نہ کہار تھے نہ کہاریاں۔ اب تو ڈر کے مارے میرا دم گھٹنے لگا۔ آنکھیں بند کرلیں اور کلمہ پڑھنے لگی۔ ڈھیر ہو کر رہ گئی۔ منٹ دو منٹ کے بعد پھر ہمت کی کہ اول مرنا، آخر مرنا، پھر مرنے سے کیا ڈرنا اور للکار کر بولی: ''ارے جواں مرگ ،تو کون ہے جن یا بھوت؟

(ب) جیسے جیسے وہ بڑھتے اور پھولتے پھلتے ،اس کا دل بھی بڑھتا اور پھولتا تھا۔ ان کو توانا اور تنا دیکھ کر اس کے چہرے پر خوشی کی لہر دوڑ جاتی۔ کبھی کسی پودے میں اتفاق سے کیڑا لگ جاتا یا کوئی اور روگ پیدا ہو جاتا تو اسے بڑا فکر ہوتا۔ بازار سے دوائیں لاتا باغ کے داروغے یا مجھ سے کہہ کر منگاتا۔ دن بھر اسی میں لگا رہتا اور اس پودے کی ایسی سیوا کرتا، جیسے کوئی ہمدرد اور نیک دل ڈاکٹر اپنے عزیز بیماری کی کرتا ہے ہزار جتن کرتا اور اُسے بچالیتا۔

سوال نمبر4: درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 10

(i) اہل مغرب نے قومیت کی بنیاد کس پر رکھی ہے؟
(ii) چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لب لباب کیا تھا؟
(iii) گھر والوں نے عقیل کو ساتھ لے جانے کا مشورہ دیا تو اس پر لڑکی نے کیا جواب دیا؟
(iv) مصنف کے شریک سفر دوستوں کے نام تحریر کیجیے۔
(v) مشکل حالات میں کیا رویہ اپنانا چاہیے؟
(vi) شاعری میں میر انیس کی وجہ شہرت کیا ہے؟
(vii) دل کے کنول اور چراغوں میں کیا بنیادی فرق ہے؟
(viii) شاعر نے سرا اور دل میں کس چیز کی کمی کا ذکر کیا ہے؟

سوال نمبر5: کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) پرستان کی شہزادی (ii) چغل خور 5

سوال نمبر6: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ (i) زم۔۔۔زم (ii) تندرستی ہزار نعمت ہے (iii) والدین کی اطاعت 15

سوال نمبر7: درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ 10

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے، تمام قومی رشتے، نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن اسلام نے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا، پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا۔ بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ ﷺ کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا جس سے اچھا اور پیارا رشتہ کوئی نہیں۔

سوالات:
(i) اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟
(ii) کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟
(iii) اسلام میں ترکی کے مسلمان، چین کے مسلمان اور پاکستان کے مسلمان کے درمیان امتیاز قائم ہوگا؟
(iv) کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر فوقیت حاصل ہے؟
(v) اس عبارت کا عنوان لکھیے۔

eduvision.edu.pk